سوال

(315) سیلانِ رطوبت کے عارضہ کی وجہ سے ایک ہی وضوسے نمازاور قرآن کی تلاوت

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ایک عورت جسے بعض رطوبات کے سیلان کا عارضہ ہے، جب فرض نماز کے لیے اس نے وضو کیا ہو تو کیا وہ اسی وضو سے نفل اور قرآن پڑھ سکتی ہے حتیٰ کہ دوسری نماز کا وقت آ جائے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس نے جب نماز کا وقت شروع ہونے کی ابتداء میں وضو کر لیا ہو تو اسی وضو سے فرض نفل اور قرآن مجید وغیرہ جو بھی کرنا چاہتی ہے کر سکتی ہے، حتیٰ کہ جب دوسری نماز کا وقت آئے (تو نیا وضو کر لے۔)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 269

محدث فتویٰ